| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: حُقوق اللہ |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو پہچان کر ان کا شکر ادا کرنے، تکلیف اور مصیبت میں صبر واستقامت اور توکل کرنے والے بن سکیں۔
- دُعا کی اہمیت جان کر عملی زندگی میں اس کے عادی ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کا خالق ہے اور پالنے والا ہے۔ وہ زندہ اور جاوید ہستی ہے جو تمام کائنات کا نظام سنبھالے ہوئے ہے۔ اس کی عطا کردہ نعمتوں کا شکر ادا کرنا ہم پر واجب ہے اور اللہ تعالیٰ کے حقوق میں ایک اہم حق یہ ہے کہ صرف اسی سے دعا مانگی جائے اور ہر حال میں اُسی کو پکارا جائے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 20 کھولنے کی ہدایت دیں۔ سبق کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ بندوں پر سب سے پہلا حق اگر کسی کا واجب ہوتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا ہے۔ جس نے پوری کائنات کو پیدا فرمایا اور وہ ہی تمام امور کی تدبیر کرنے والا ہے۔ اس کے ہم پر بے شمار احسانات ہیں جن کا شکر ادا کرنا واجب ہے۔ اس شکر کے ساتھ ساتھ ہم پر لازم ہے کہ صرف اُس کی ذات پر مکمل توکل اور بھروسا رکھیں ہر وقت اس سے ڈرتے رہیں اس کی نافرمانی سے بچیں۔ اِس بات پر کامل یقین رکھیں کہ اللہ تعالیٰ ہر جگہ موجود ہے اور ہر چیز کو دیکھ رہا ہے۔

- طلبہ سے پوچھیں کیا وہ دعا کرتے ہیں؟

تختہ تحریر دعا کا معنی: ''پکارنا'' نمایاں کر کے لکھیں۔

- طلبہ کو بتائیں دعا مومن کا ہتھیار اور دین کا ستون ہے دعا عبادت کا مغز ہے۔
- طلبہ کو بتائیں حقوق اللہ میں ایک حق اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا بھی ہے۔ یعنی ہمیں چاہیے صرف اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں اور اُسی سے مدد مانگیں۔ کیونکہ صرف وہی ہے جو ہماری دعاؤں کو سنتا اور قبول کرتا ہے۔
- طلبہ کو دعا کی اہمیت و فضیلت کے بارے میں بتائیں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: ''اور جب تم کوئی چیز مانگو تو اللہ تعالیٰ سے مانگو اور جب تم مدد چاہو تو صرف اللہ تعالیٰ کی مدد طلب کرو''۔ (جامع ترمذی) ایک اور موقع پر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ہاں دعا سے زیادہ اور کسی چیز کی وقعت نہیں۔ انھیں بتائیں ایک سچے مسلمان کی پہچان یہی ہے کہ وہ ہر حال میں چاہے دُکھ ہو یا سُکھ، خوشحالی ہو یا بدحالی اللہ تعالیٰ کو پکارتا ہے اور صبر و استقامت کا مظاہرہ کرتا ہے۔
- طلبہ کو تاکید کریں کہ وہ بھی ہر حال میں صرف اللہ تعالیٰ سے مدد مانگیں اور اسی سے رجوع کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بھروسا | بَھ۔رو۔سا | اعتبار |
| سنوارنا | سَنوارْ نا | آراستہ کرنا |
| رجوع | رُ۔جُوع | متوجہ ہونا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (1) کا سوال (۳) اور (۴) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

مشق جزو (2) کے سوال (۲) کا جواب طلبہ سے کاپی پر لکھوائیں۔

مشق جزو (3) اور (4) کے سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لیے جو کام آپ کرتے ہیں اپنی کاپی میں ان کی فہرست بنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: حُقوق اللہ |
| --- | --- | --- |

سوال 1: حدیث کی روشنی میں دعا مانگنے کی اہمیت بیان کریں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات وعبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: تلاوتِ قرآن مجید |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آخری الہامی کتاب کے طور پر قرآن مجید کا تعارف جان سکیں۔
- دنیا اور آخرت کی کامیابی کے لیے قرآن مجید کی اہمیت، عظمت اور فضائل جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں۔ بتائیں کہ قرآن کا لفظ ''قراۃ'' سے لیا گیا ہے جس کا معنی ہے پڑھنا۔ لہٰذا قرآن کے لغوی معنی ہیں وہ کتاب جو بار بار پڑھی جائے۔ طلبہ کو بتائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری آسمانی کتاب ہے۔ طلبہ سے مشہور الہامی آسمانی کتابوں کے نام پوچھیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 23 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- طلبہ کو کتاب سے پہلے پیرا گراف کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا تعارف دیں۔ قرآن مجید کے نزول کا آغاز مکّہ کی مشہور غار ''غارِ حرا'' سے ہوا۔ یہ کتاب حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّم پر تیئیس سال کے عرصہ میں نازل ہوئی۔ قرآن مجید میں 30 پارے اور 114 سورتیں ہیں 114 سورتوں کی تقسیم مکّی اور مدنی سورتوں میں کی گئی ہے۔ جو سورتیں ہجرت سے پہلے نازل ہوئیں انھیں مکّی سورتیں کہا گیا اور جو ہجرتِ مدینہ کے بعد نازل ہوئیں، انھیں مدنی سورتیں کہا گیا۔

- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدایت کی آخری کتاب ہے جس میں انسانوں کی راہ نمائی کے تمام بہترین اصول بیان کیے گئے ہیں۔ یہ دنیا کی واحد ایسی کتاب ہے جو لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کو زبانی یاد ہے۔اس کتاب کو پڑھنا اور سمجھنا ہر مسلمان پر لازم ہے۔
- طلبہ کو قرآن مجید پڑھنے کی فضیلت و اہمیت بتائیں۔انھیں بتائیں قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ تعالیٰ نے لیا ہے یہ کتاب قیامت تک آنے والوں کے لیے ذریعۂ ہدایت اور راہِ نجات ہے۔

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: تم میں سے سب بہتر وہ شخص ہے جو قرآن کریم کو سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔(بخاری، ابوداؤد)

ایک اور موقع پر آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جو آدمی قرآن مجید پڑھے اور اس پر عمل کرے اس کے والدین کو قیامت کے دن ایک تاج پہنایا جائے گا، جس کی روشنی سورج کی روشنی سے بھی زیادہ ہو گی۔(ابوداؤد)

- قرآن مجید روزِ قیامت اپنے پڑھنے والے کی بخشش اور مغفرت کے لیے سفارشی بن کر آئے گی۔(صحیح مسلم)
- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جو شخص کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھے، اس کے لیے اس حرف کے عوض ایک نیکی ہے، اور ایک نیکی کا اجر دس نیکیوں کے برابر ملتا ہے میں یہ نہیں کہتا کہ سارا (الٓمٓ) ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف، لام ایک حرف اور میم ایک حرف ہے۔(ترمذی)
- طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید اپنے پڑھنے اور عمل کرنے والوں کے لیے شفاعت اللہ تعالیٰ سے کرے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اس کی شفاعت قبول کریں گے۔
- طلبہ کو تاکید کریں کہ وہ قرآن مجید کی تلاوت کو اپنا معمول بنائیں اور اس کی تعلیمات پر عمل کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سفارشی | سِ۔فا۔رِ۔شی | جس کی سفارش کی گئی ہو |
| مغفرت | مغ۔فِ۔رَت | بخشش |
| منزل | من۔زِل | قرآن مجید کے سات حصّوں میں سے ایک حصّہ |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو (1) کے سوالات طلبہ سے پوچھیں۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

مشق جزو (2) کے سوال (ا) کا جواب طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ کاپی پر لکھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اساتذہ کرام کی مدد سے قرآن مجید کی فضیلت کے حوالے سے قرآنی آیات مع ترجمہ چارٹ پر لکھیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: تلاوتِ قرآن مجید** |

سوال 1: قرآن مجید سے متعلق معلومات مکمل کریں۔

| **پاروں کی تعداد** | **نام** |
|---|---|
| پاروں کی تعداد | |
| منزلوں کی تعداد | |
| سورتوں کی تعداد | |
| آیات کی تعداد | |
| رکوع کی تعداد | |

سوال 2: مکّی اور مدنی سورتوں سے کیا مراد ہے؟

______________________________

______________________________

______________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | | سبق کا نام: تلاوتِ قرآن مجید | |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تلاوتِ قرآن مجید کے احکام و آداب سے آگاہ ہو سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔
- مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق سے واقف ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے سوال پوچھیں:

الف: قرآن کے کیا معنی ہیں؟

ب: قرآن مجید کا نزول کتنے عرصے میں مکمل ہوا؟

ج: مکّی اور مدنی سورتوں سے کیا مراد ہے؟

طلبہ کو بتائیں پچھلے سبق میں انھوں نے قرآن مجید کا تعارف اور فضیلت و اہمیت کے بارے میں پڑھا تھا آج وہ قرآن مجید کے حقوق اور آداب کے متعلق پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 21 تا 22 ''قرآن مجید کے حقوق اور تلاوتِ قرآن مجید کے آداب'' کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر قرآن مجید کے حقوق نکات کی صورت میں لکھیں۔

⟸ قرآن مجید پر ایمان لانا۔

⟸ قرآن مجید کو پڑھنا (قواعد تجوید کے مطابق تلاوت کرنا)۔

⇐ قرآن مجید کو سمجھنا اور اس پر غور و فکر کرنا۔

⇐ قرآن مجید کے احکام کو مانتے ہوئے ان پر عمل کرنا۔

⇐ قرآن مجید کو دوسروں تک پہنچانا (سکھانا)۔

- طلبہ کو بتائیں کہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہم سب پر درج بالا تمام حقوق فرض ہیں جن کو ادا کرنا ہم پر واجب ہے۔
- طلبہ کو تاکید کریں کہ قرآن مجید چونکہ کلام اللہ ہے اس لیے اس کی تلاوت کے دوران درج ذیل آداب کا خیال رکھنا ضروری ہے:

⇐ قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے باوضو ہوں۔

⇐ جب تلاوت شروع کرے تو تعوذ اور تسمیہ پڑھے۔

⇐ قرآن مجید کو ٹھہر ٹھہر کر ترتیل کے ساتھ پڑھیں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: اور قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ پڑھو۔ (سورۃ المزمل، آیت: 4)

⇐ قرآن مجید پڑھتے وقت دنیاوی باتوں سے پرہیز کیا جائے۔

⇐ جہاں قرآن مجید کی تلاوت کی جائے، وہاں شور سے گریز کریں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''اور جب قرآن مجید پڑھا جائے تو اسے توجّہ سے سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ (سورۃ الاعراف، آیت: 204)

- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید ہدایت اور کامیابی کا ذریعہ ہے۔ یہ زندگی گزارنے کے بہترین اصولوں اور طریقوں کی تعلیم دیتا ہے اس لیے ہمیں چاہیے کہ زندگی کے ہر پہلو میں قرآن مجید کی تعلیمات پر عمل کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معنٰی |
|---|---|---|
| تلفّظ | تَ۔ لف۔ فُظ | لفظ کا منہ سے اد کرنا |
| تجوید | تج۔ وِید | حروف کو ان کے مخارج سے ادا کر کے پڑھنا |
| صلاحیت | صَ۔ لا۔ حی۔ یَت | سمجھ |
| تبلیغ | تَب۔ لیغ | احکامِ شریعت پہنچانا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو 2 کے سوالات طلبہ سے کاپی پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

قرآن مجید کے حقوق اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**__________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: تلاوتِ قرآن مجید** |

## قرآن مجید کی تلاوت کے آداب لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________